محکمئہ تعلیم خاندانوں کے لیے تازہ خبریں

20 اپریل، 2021

مندرجات

- سینئر منتقلی کی ابتدا کا آغاز 19 اپریل سے ہو گا
- سمر رائزنگ (پروگرام) رجسٹریشن کا آغاز 26 اپریل کو ہو گا۔
- CCEC ووٹنگ کا آغاز 1 مئی کو ہو گا

سینئر منتقلی کا آغاز

ہائی اسکول کے تمام سینیئرز کے خاندانوں کو مدعو کیا جاتا ہے!

پیر، 19 اپریل سے لے کر **جمعہ، 30 اپریل** تک، سنیئرز اور ان کے اہلِ خانہ آن لائن سرگرمیوں کے ایک سلسلے میں شرکت کر سکتے ہیں جو ان کی سندیافتگی کے بعد زندگی کے اگلے اقدامات کا آغاز کرنے میں مدد کریں گی۔ سرگرمی کے موضوعات میں ذیل شامل ہیں:

- 10 زبانوں میں مالی امداد کی ورکشاپس
- تیاری کرنا کہ سندیافتگی کے بعد کیا توقع کی جا ئے
- ثانوی کے بعد منتقلی کی تیاری کرنے کے لیے موسمِ گرما کے مہینوں کو استعمال کرنے کے طریقے
- خزاں 2021 معاونتوں کی دستیابی اور ان تک رسائی کس طرح حاصل کی جا ئے
- اہم یاد دہانیوں اور اگلے اقدامات کے متعلق اہم ٹیکسٹ انتباہ

ذیل پر سینیئر منتقلی آغاز کے بارے میں مزید جانیں bit.ly/SeniorTransitionKickoff21

سمر رائزنگ (پروگرام)

طلبا کے لیے موسمِ گرما پوری طرح سے مزید ولولہ انگیز ہونے جا رہا ہے!

پیر، 26 اپریل سے آغاز کرتے ہوئے، نیو یارک شہر کے خاندان سمر رائزنگ (پروگرام) کے لیے سائن اپ کرنے کا آغاز کر سکتے ہیں، گریڈز K-12 میں کسی بھی ایسے بچے کے لیے مفت پروگرام جو شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔

سمر رائزنگ پروگرام اس موسمِ خزاں میں اسکول واپسی میں ایک تعلق بنا نے میں مدد کرنے کے لیے نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کی تعلیمات کی خوبیوں کا نیو یارک شہر محکمئہ نوجوانان اور برادری کی فروغ دہی کے اسکول پر مبنی بہتری کے پروگراموں کے ساتھ ملاپ کرتا ہے۔ اور یہ والدین کو ملازمت پر واپسی کے لیے ذہنی سکون فراہم کرتا ہے۔

سمر رائزنگ ہر مضافاتی علاقے میں دستیاب ہیں۔ گریڈز K-8 کے طلبا کے لیے پروگرام مکمل دن کے، خود موجودگی میں (اِن پرسن) ایسے تجربات ہوں گے جن کو مقامی اسکول قائدین اور قابلِ بھروسہ برادری پر مبنی تنظیموں کے ذریعے محفوظ اور معاونتی ماحول میں چلایا جا ئے گا۔ ہر ایک پروگرام تعلیمی معاونت، فنون، اور تفریح کی پیشکش کرتا ہے اور عملے کے ارکان طلبا کی سماجی اور جذباتی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے تیار ہوں گے۔ سمر رائزنگ پروگرام طلبا کو پارکس، پولز، اور بہتری کی دیگر بیرونی جگھوں کے فیلڈ ٹرپس (تفریحی دوروں) کی بھی پیشکش کرے گا جو کہ تعلیمی ہیں اور ریاست کے صحت اور تحفظ کے رہنمائی خطوط کے مطابق ہیں۔

تمام سمر رائزینگ پروگرام صحت اور تحفظ کے کڑے طریقوں کی پابندی کریں گے، بشمول میل جول میں فاصلہ (سوشل ڈیسٹینسنگ) رکھنے اور ماسک پہننے کے، اور ہر ایک مقام کو ٹیسٹنگ نرس کی معاونت اور ایک ٹیلی ہیلتھ کال سینٹر تک رسائی کی فراہمی ہوگی۔ اس کے علاوہ، ہر ایک طالبِ علم کو ناشتا، دوپہر کا کھانا (لنچ) اور ایک سنیک بھی فراہم کیا جا ئے گا۔

سمر رائزینگ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/summer پر جائیں۔ 26 اپریل سے رجسٹر کرنے کا اغاز کرنے کے لیے discoverdycd.dycdconnect.nyc پر جائیں۔

خاندان اور کمیونٹی کے لیے تقویت

شہر اور اجتمائی تعلیمی کونسل کے لیے ووٹ ڈالنے کا آغاز ایک ہفتے میں ہو گا!

پہلی دفعہ، نیو یارک شہر پبلک اسکول کے ہر طالبِ علم کے والدین یا سرپرست کے پاس اب اپنی تعلیمی کونسل کے نمائندگان کے لیے ووٹ ڈالنے کا موقع ہو گا!

شہر اور اجتمائی تعلیمی کونسلیں (CCESs) ہمارے اہلِ خانہ کی آواز کے طور پر خدمات انجام دیتی ہیں، چانسلر اور نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کے لیے گراں قدر تجویز پیش کرتی ہیں۔ ووٹنگ **سنیچر، 1 مئی** کو شروع ہو گی اور منگل 11 مئی کو ختم ہو گی۔

ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو صرف نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (mystudent.nyc) کی ضرورت ہو گی جس میں آپ کے تمام طلبا رجسٹر ہیں۔ نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/NYCSA پر جائیں۔ اگر آپ کے پاس نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ نہیں ہے، یا آپ کو اپنے موجودہ اکاؤنٹ میں اپنے بچوں کو رجسٹر کرنے میں مدد کی ضرورت ہے، برائے مہربانی مدد کے لیے اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے رابطہ کریں۔